سوال

(530) کیاخرقاء اورجدعاء میں خصی ہونا نہیں آتا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیاخرقاء اورجدعاء میں خصی ہونا نہیں آتا؟ (سائل) (۷فروری ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

خرقاء اس جانور کوکہتے ہیں جس کے کان میں گول سوراخ ہو۔ جدعاء وہ جانور جس کے ناک، کان، ہونٹ کٹے ہوں۔ اس لفظ کا زیادہ تعلق ناک سے ہے، جب مطلق آئے، غالباً مراد ناک کا کٹنا ہوتا ہے اورجانور کا خصی ہونا اس میں داخل نہیں۔ (مرعاۃ المفاتیح:۲/۳۵۹)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:413

محدث فتویٰ